QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 256

کوئٹہ: 05 مئی 2026ء۔۔۔۔ کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے صوبہ کے تمام علاقوں میں نادہندہ صارفین کے بجلی کے کنکشنز منقطع کرنے کا فیصلہ کیا ہے جہاں صارفین کی جانب سے بلوں کی مد میں وصولی نہیں ہورہی اور وہ اپنے ذمہ بقایا جات بھی ادائیگی میں ناکام رہے ہیں۔اس سلسلے میں کیسکو نے تمام وفاقی،صوبائی،سرکاری ونجی اداروں سے واجبات کی وصولی کیلئے نادہندگان کے خلاف خصوصی مہم میں نادہندگان کے بجلی کے کنکشنز منقطع کئے جارہے ہیں کیونکہ اس سلسلے میں پہلے ہی تمام صوبائی، وفاقی اور دیگر نادہندگان کونوٹسز بھی جاری کردیئے گئے ہیں جبکہ گھریلو و کمرشل صارفین کو بقایا جات کی ادائیگی کیلئے اُن کے بجلی بل پر نوٹس ارسال کئے جاچکے ہیں۔لیکن تاحال نادہندگان کی جانب سے ابھی تک کوئی مثبت پیش رفت سامنے نہیں آئی ہے۔اس سلسلے میں چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان نے تمام آپریشن سرکلز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اپنے اپنے زیر انتظام علاقوں میں تمام نادہندہ سرکاری محکموں اور دیگر نادہندہ صارفین سے بقایا جات کی وصولی کے عمل کو تیز کریں۔ کیسکو نے صوبہ میں موجود تمام سرکاری،نجی نادہندگان کے بجلی کے کنکشنز عدم ادائیگی پر منقطع کرنا شروع کردیئے ہیں جواب تک اپنے ذمہ بقایا جات کی ادائیگی میں ناکام رہے ہیں۔

صوبائی حکومت اور اسکے ذیلی محکموں کے ذمہ ماہ مارچ 2026 تک بجلی بلوں کی مد میں تقریباً 47 ارب روپے سے زائد بقایا جات واجب الادا ہیں جن میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (پی ایچ ای) کے ذمہ 22727 ملین روپے،لوکل باڈیز کے ذمہ 3239 ملین روپے،محکمہ پولیس کے ذمہ 1531 ملین روپے،محکمہ اسکول ایجوکیشن کے ذمہ 9400 ملین روپے،محکمہ لوکل باڈیز 3356 ملین روپے،ڈپٹی کمشنرز کے دفاتر 1359 ملین روپے،محکمہ صحت کے ذمہ 4162 ملین روپے،لیبر اینڈ مین پاور کے ذمہ 44 ملین روپے،پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ کے ذمہ 17 ملین روپے،محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ رورل ڈیولپمنٹ کے ذمہ 454 ملین روپے،بلوچستان صوبائی اسمبلی 13 ملین روپے،محکمہ واسا کے ذمہ 267 ملین روپے،ایگریکلچر اینڈ کوآپریٹو کے ذمہ 545 ملین روپے،محکمہ انڈسٹریز کے ذمہ تقریباً 40 ملین روپے،محکمہ کالجز اینڈ ہائیر ایجوکیشن 721 ملین روپے،محکمہ جیل خانہ جات کے ذمہ 1531 ملین روپے،محکمہ لائیواسٹاک 370 ملین روپے،محکمہ ایری گیشن کے ذمہ 220 ملین روپے،محکمہ فشریز 131 ملین روپے،محکمہ خوراک کے ذمہ 79 ملین روپے،فاریسٹ اینڈ وائلڈ لائف کے ذمہ 90 ملین روپے،گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے ذمہ 46 ملین روپے کے بقایا جات واجب الادا ہیں۔

اسی طرح وفاقی حکومت کے ذیلی محکموں کے ذمہ مجموعی طور پر تقریباً 3 ارب 12 کروڑ روپے کے بقایا جات واجبات الادا ہے۔جن میں محکمہ پورٹس اینڈ شپنگ کے ذمہ 54 ملین روپے،الیکشن کمیشن کے ذمہ 18 ملین روپے،محکمہ پوسٹل سروسز 118 ملین روپے،منسٹری انفارمیشن اینڈ براڈ کاسٹنگ 30 ملین روپے،یونیورسٹی آف بلوچستان 55 ملین روپے،آئی ٹی اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن 126 ملین روپے کے بقایا جات شامل ہیں۔کیسکو اپنے تمام نادہندہ صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ وہ اپنے موجودہ بل مقررہ وقت پر ادا کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے ذمے تمام واجب الادا بقایا جات فوری طور پر ادا کریں۔بصورت دیگر نادہندہ صارف کے بجلی کنکشنز منقطع ہونے کی صورت میں کیسکو اُن کے کسی بھی نقصان یا زحمت کی ذمہ دار نہیں ہوگی۔

# # #

کیسکو ٹکرز (05 مئی 2026)

کوئٹہ: بجلی بلوں کی مد میں بقایا جات کے حامل تمام نادہندگان کے کنکشنز منقطع کرنے کا فیصلہ،کیسکو

کوئٹہ: بقایا جات کے حامل تمام صوبائی،وفاقی اور دیگر سرکاری وگھریلو،کمرشل نادہندگان کو بلوں کی ادائیگی کیلئے نوٹسز جاری،کیسکو

کوئٹہ: صوبائی حکومت کے ذیلی محکموں کے ذمہ مارچ 2026 تک مجموعی بقایا جات تقریباً 47 ارب روپے تک پہنچ چکے ہیں،کیسکو